लुटेरा

لٹیرا

اداکار:
دارا سنگھ - نشی - مارُتی
پرتھوی راج

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

لیڈر فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

ذرا جھومنے دو کہ مسرور ہوں میں
جہاں ہوں یہاں سے بہت دور ہوں میں
مجھے دیکھئے میں کوئی داستاں ہوں
بہت کچھ ہے دل میں مگر بے زباں ہوں
جنہیں یاد ہوں میں بھلائیں گے کیسے
مکیں ہوں میں دل پہ مٹائیں گے کیسے
مجھے بزم سے وہ اٹھائیں گے کیسے
جلی تو شمع تھی بجھی تو دھواں ہوں
ابھی جانتی ہوں ذرا مسکرانا
کبھی پھر کروں گی بیاں یہ فسانا
مجھے جانے گا کسی دن زمانا
بہار چمن ہوں کہ دور خزاں ہوں
شکست محبت بھلا کیسے مانیں
کہ میں اک صنم کو خدا کیسے مانوں
بتوں کی خدائی سے میں بدگماں ہوں

گانا نمبر ۲:- صنم راہ بھولے یہاں آتے آتے
بھلا رہ گئے وہ یہاں آتے آتے

دل کی باتیں تو چھپی سی رہتی ہیں
وہ کیا جانے جو لگا ہیں کتنی ہیں
اُنہیں آئے گی یہ زباں آتے آتے
روتی آنکھوں کو ہنسانا مشکل ہے
اس لیے جینے کو چھپانا مشکل ہے
نہ لیں وہ میرا امتحاں آتے آتے
مجھ سے وہ چھپ تو نہ پائیں گے
اُن کا وعدہ ہے یہاں وہ آئیں گے
مگر جائے گی میری جان

گانا نمبر ۳: سادہ دل والی سازِ دل پہ جھوم لو گا لو
لل لا لل لا
بار بار ایسا نہ زمانا آئے گا
جو گیا پھر کبھی یہاں نہ آئے گا
مَیں بھی ہوں تم بھی ہو ہم سبھی مہمان ہیں
ہوئے لل لا....
یار کون جانے کنارا ہے کہاں
غم کریں ہم اگر تو گزارا ہے کہاں
مَیں بھی ہوں تم بھی ہو ہم سبھی طوفان ہیں
ہوئے لل لا....
آج پیار بھی ہو گیا تو کیا ہوا
ہو گئی کسی سے یہ خطا تو کیا ہوا

میں بھی ہوں تم بھی ہو ہم بھی انسان ہو گئے لل لا...

گانا نمبر ۴:- پتلی کمر نازک عمر
ارے ہٹ موئے مجھے لگ جائے گی نظر
ٹھنڈی ٹھنڈی آہیں نہ بھر
ارے ہٹ موئے ———

میں ہوں ننھی سی کلی میں ہوں نازوں کی پلی
بھنورے چلے آئے سارے میری گلی میری گلی کھلی
ہائے چین میرا کھو گیا نیند میری اُڑ گئی
ارے کبھی ادھر مڑ گئی کبھی ادھر مڑ گئی
ہائے ہائے میرے خدا میں جاؤں کدھر - ارے ہٹ...
ارے ہٹ نا نہیں ہٹتا ارے ہٹ موئے....

میری زلفیں ہیں گھنی میں ہوں ہیرے کی کنی
ہائے میں لُٹ جاؤں میں ہوں شیشے کی بنی شیشے کی بنی
ہائے پاس نہیں آنا میرے دور سے ہی دیکھنا
یہ تو نیز چلے اور نکلے ایک نا ہائے ہائے ہائے

گانا نمبر ۵:- رات سے کہو رکو ذرا
میری جوانی کا رقص وہ دیکھ لے ذرا
اے میرے مہربانو یہ میری بات مانو
پھر نہ کبھی یہ رات آئے گی میں آج ہوں کل کہاں
رات سے کہو....

اے مسکرانے والو جی بھر کے مسکرا لو
جانے پھر دل کا قرار یہ ہو نہ ہو
یہ جلوہ یہ رقص یہ بہار ہو نہ ہو
گانا مرد:- نیند نگاہوں کی کھو جاتی ہے
کیونکہ جوانی میں ہو جاتی ہے محبت
دُنیا سے جدائی کی باتیں گزری ہیں گئی ایسی راتیں
جب چاند تارے بھی سوئے رہے
ہم اُن کے خیالوں میں کھوئے رہے
ہم کو جگا کے یہ سو جاتی ہے — کیونکہ جوانی ....
نظروں سے لیتے ہیں مزے کھل جاتا ہے دل ہوتے ہوتے
چُپ چاپ رہو کہ اظہار کرو بات جو ہوتی ہے ہو جاتی ہے
گانا عورت:- چھپا کے رکھو محبت کو اِس زمانے سے
کہ آج سانس بھی لینا کسی بہانے سے
کسی کو پتہ نہ چلے بات کا
کہ ہے آج وعدہ ملاقات کا
بُرا حال ہے آج دِل کے جذبات کا
نہ دِل تھا نہ دِل میں یہ ارمان تھے
یہ لب مسکراہٹ سے انجان تھے
جُدائی میں ہم تو پریشان تھے
خُدا مہربان تھا نہ انسان تھے
مگر آج کیا ذکر صدمات کا

کہ ہے آج وعدہ ملاقات کا

محبت جبھی یوں مچلنے لگی
شمع جیسے محفل میں جلنے لگی
کوئی دل کی حسرت نکلنے لگی
بدلنے لگا رنگ حالات کا
کہ ہے آج وعدہ ملاقات کا

سجاؤ یہ راہیں بچھاؤ نگاہیں
خبر اُن کی آئی نظر مسکرائی
ہوا ہے اشارا ملے گا سہارا
محبت کی پیاسی ہے گی اُداسی
کہ دیدار اُن کا ہوگا ابھی
بہار ہوگا نہ ہے گا فسانہ کسی بات کا

تمام شد

کاشتکاری باغبانی

(بیج کھاد۔ ترکاریاں۔ ساگ۔ ککڑی۔ ادرک۔ گوبھی بیگن اجوائن۔ سنگھاڑا۔ کریلا۔ تربوز۔ سیم۔ چقندر۔ انار) کی کھیتی۔ پھولوں کی کھیتی۔ باغبانی میں کام کرنے والے اوزار۔ اور سبھی سگ سبزیوں کا جو اس زمانے میں پیدا ہوتی ہیں پورا حال درج ہے۔

قیمت صرف 4/1/- معہ ڈاک خرچ

تمباکو کی دکان

(اگر آپ ہر طرح کے کھانے اور پینے والے تمباکو کا کاروبار کرنا چاہتے ہیں تو یہ کتاب آپ کو بہت مدد دے گی۔ اس کی مدد سے آپ لذیذ تمباکو تیار کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف 2/4/- معہ محصولڈاک معاف

پان کی دکان (ہر طرح کے پان کے مصالحے بنانا)

ہمارے دیش میں پان کھانا ایک عام رواج ہے۔ اگر آپ اپنے سواد کو اور زیادہ مزیدار بنانا چاہتے ہیں۔ اور پان میں طرح طرح کے مصالحے ڈالنا چاہتے ہیں تو ہماری اس کتاب کی مدد سے حاصل کریں۔

قیمت صرف 3/-/1 معہ ڈاک خرچ

اصلی پرانا اندر جال عرف استاد جادوگراں

اس کتاب میں محبت کے لئے عمل محبوب بیقرار ہو حاکم مہربان ہو دفینہ ہاتھ آئے دیگر ہر آفت سے بچا رہے۔ دماغ روشن ہو۔ گمشدہ کی تلاش۔ پردیس گئے ہوئے کو واپس بلانا۔ کاروبار میں ترقی ہو۔ عزت ہو دشمن خراب ہو دولت مل جائے طلسمی انگوٹھی تعویذ بنانا آگ سے پیر نہ جلے۔

قیمت ۔/۱/۴ معہ ڈاک خرچ

فن جادو مسمریزم

مسمریزم یا ہپنوٹزم قابلیت کی ایک عجیب و غریب کتاب ہے۔ اس کے ذریعہ آپ زمین میں گڑھی ہوئی دولت اور چوری گئی ہوئی چیز کا فوراً پتہ لگا سکتے ہیں۔ اس علم کے ذریعہ مقدمہ کا نتیجہ معلوم کر سکتے ہیں۔ غرضیکہ یہ کتاب آپکی ہر مشکل میں کام آسکتی ہے۔

قیمت ۔/۱/۲ معہ ڈاک خرچ

کالا جادو عرف قانون محبت

کہاں ہیں وہ بدنصیب عشاق جو دیدار یار کی ایک جھلک دیکھنے کی خاطر آپ سب کچھ لٹا دیتے ہیں۔ آئیں اور اس کتاب کے ذریعہ نہایت آسانی سے اپنی مراد حاصل کریں۔

قیمت صرف ۔/۱/۴ معہ ڈاک خرچ